# طبی فرانزک معائنے کے لئے آپ کے حقوق اور اختیارات

## طبی فرانزک معائنہ کیا ہے؟

ایک خصوصی طور پر تربیت یافتہ ڈاکٹر، اعلیٰ پریکٹس فراہم کنندہ یا نرس (فراہم کنندہ) اس وقت ایک طبی فرانزک معائنہ انجام دے گا جب کوئی شخص جنسی زیادتی یا بدسلوکی کا شکار ہوتا/ہوتی ہے۔ طبی فرانزک معائنہ سر سے لے کر پاؤں کی انگلیوں تک کا معائنہ ہوتا ہے جس میں زخموں اور شواہد کو تلاش کیا جاتا ہے جو پولیس کی تفتیش اور عدالتی کارروائی میں استعمال ہو سکتے ہیں۔ جنسی
حملہ یا بدسلوکی میں آپ کے جسم کے مخصوص حصوں کو کپڑوں کے نیچے یا اوپر سے غیر ضروری طور پر چھونا یا ان پر ہاتھ پھیرنا؛ جنسی دخول یا جنسی ربط؛ جسم کے حصوں پر منی منتقل کرنا؛ اور کم عمر افراد کے ساتھ جنسی افعال۔

فرانزک معائنے میں 2-6 گھنٹے لگ سکتے ہیں، جس کا انحصار شاملِ عمل خدمات کی اقسام، چوٹ کی تشخیص اور اکٹھے کیے جانے والے شواہد پر ہے۔ معائنہ کسی ہسپتال یا کسی منظور شدہ نگہداشتِ صحت کے سہولتی مرکز میں انجام دیا جائے گا۔ اگر دستیاب ہوا، تو ہسپتال یا منظور شدہ نگہداشتِ صحت کا سہولتی مرکز جنسی زیادتی کے بحران کے مشاورت کار سے رابطہ کرے گا کہ وہ آ کر آپ سے معائنے اور آپ کے اختیارات کے بارے میں بات کرے۔ مشاورت کار پورے معائنے کے دوران آپ کے ساتھ رہے گا/گی اور آپ کی معاونت کرے گا/گی۔ آپ اپنے پسند کے شخص کو پورے معائنے کے دوران اپنے ساتھ رہنے اور اپنی معاونت کرنے کا کہہ سکتے/سکتی ہیں۔

معائنہ شروع ہونے سے قبل، اپنی ضروریات جو بھی ہو سکتی ہیں، ان کے بارے میں ڈاکٹر یا نرس سے بات کریں، جیسا کہ کام یا بچے کی نگہداشت کے خدشات۔ ڈاکٹر یا نرس کسی بھی وقت معائنہ روک سکتے ہیں اگر اس کی وجہ سے آپ کو ذہنی یا جذباتی اذیت پہنچتی ہے۔

### معائنے کا مقصد:

- آپ کی جسمانی صحت کا معائنہ کرنا؛
- کوئی بھی ضروری طبی علاج فراہم کرنا؛ اور
- شواہد اکٹھے کرنا ہے۔

### معائنے میں کیا شامل ہے:

- رضامندی: فراہم کنندہ کو معائنہ شروع کرنے سے پہلے رضامندی درکار ہو گی۔ وہ معائنے کے مختلف حصے انجام دینے کے لیے آپ کی اجازت بھی طلب کریں گے۔
- طبی ہسٹری: فراہم کنندہ آپ سے سوالات پوچھے گا/گی کہ زیادتی کے دوران کیا ہوا تھا۔ یہ سوالات باقی معائنے کے لیے مدد فراہم کریں گے۔ مریض، والدین میں سے کوئی یا سرپرست، یا دیگر افراد ان کے جوابات دے سکتے ہیں۔
- جسمانی معائنہ: فراہم کنندہ سر سے پاؤں کی انگلیوں تک آپ کے جسم کا معائنہ کرے گا/گی۔ وہ کسی بھی زخموں کو تلاش کریں گے اور شواہد کے ممکنہ ذرائع کی شناخت کرنے میں مدد دیں گے۔اس میں اعضائے مخصوصہ (عضو تناسل اور مقعد) کا گہرائی سے معائنہ بھی شامل ہو سکتا ہے۔
- فوٹوگرافی: فراہم کنندہ آپ سے آپ کے جسم کے حصوں، جہاں آپ کو زخم، درد ہو یا کسی بھی شہادت کے ممکنہ ذرائع کی تصاویر لینے یا ویڈیو ریکارڈ کرنے کے لیے کہے گا/گی۔
- شواہد اکٹھے کرنا: فراہم کنندہ آپ کے جسم سے ممکنہ شواہد اکٹھے کرنے کے لیے الینوائے اسٹیٹ پولیس کی جنسی حملے کی شواہد اکٹھی کرنے کی کِٹ استعمال کرے گا/گی۔ طبی ہسٹری کے دوران دی گئی معلومات پر منحصر، فراہم کنندہ آپ کے کپڑے اور آپ کے
منہ، بالوں، جلد، انگلیوں کے ناخنوں، عضو تناسل اور مقعد کے سویب اکٹھے کر سکتا/سکتی ہے۔ فراہم کنندہ معائنے کے دوران بالوں پر نیٹ، فیس ماسک، گاؤن، جوتوں پر کوور پہنے گا/گی اور اپنے دستانے بار بار تبدیل کرے گا/گی۔

- شواہد ٹریک کرنے کا سسٹم: طبی نگہداشت کے سہولتی مرکز میں جنسی زیادتی کے اکٹھے کیے گئے شواہد کی حیثیت کے بارے میں آپ کو مطلع رکھنے کے لیے شواہد ٹریک کرنے کا ایک سسٹم ہوتا ہے۔ سہولتی مرکز سے نکلنے سے قبل
آپ کو ایک K-نمبر اور 6 ہندسی پن دی جائے گی۔ یہ معلومات ٹریکنگ سسٹم میں شواہد کی حیثیت دیکھنے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہیں۔ اگر آپ سے آپ کا K-نمبر یا
6 ہندسی پن گم ہو جاتی ہے تو آپ قانون نافذ کرنے والی ایجنسی جو آپ کے کیس سے نمٹ رہی ہے، اس سے رابطہ کر سکتے ہیں اور وہ آپ کو K-نمبر اور 6 ہندسی پن فراہم کرے گی۔
- منشیات اور الکحل اسکریننگ:فراہم کنندہ آپ سے پوچھے گا/گی کہ آپ نے منشیات لی تھی یا الکحل کا استعمال کیا تھا یا آپ کو منشیات یا الکحل استعمال کرنے کی کوئی علامات تھیں جیسا کہ متلی، قے آنا، بے ہوشی
یا یادداشت کھونا۔ یہ منشیات یا الکحل کی وجہ سے ہونے والی جنسی زیادتی اور بدسلوکی کے امکان کو معلوم کرنے کے لیے ہے۔ مناسب طبی نگہداشت کو یقینی بنانے کے لیے، آپ کو لی گئی منشیات یا استعمال کیے گئے الکحل یا کسی بھی علامات کے بارے میں سچ بولنا چاہیئے۔ جنسی زیادتی کے لئے اکٹھے کیے گئے پیشاب یا خون کے نمونے آپ کے خلاف اس مقصد کے لئے استعمال نہیں کیے جائیں گے کہ آپ الکحل یا منشیات کے استعمال سے متعلق کسی جرم میں ملوث رہے۔
- طبی علاج: فراہم کنندہ کسی بھی طبی خدشات کا علاج فراہم کرے گا/گی۔ وہ جنسی طور پر منتقل ہونے والے امراض بشمول HIV کے لیے آپ کا جائزہ لیں گے اور آپ کو ضروری ادویات دیں گے۔ اگر مناسب ہوا، تو فراہم کنندہ حمل ہونے کے لیے آپ کا جائزہ لے گا/گی اور حمل کو روکنے کے لیے ادویات دستیاب کرے گا/گی۔
- ڈسچارج اور فالو اپ: فراہم کنندہ تجویز کردہ فالو اپ اپائنٹمنٹس اور ٹیسٹوں کے بارے میں آپ سے تبادلہ خیال کرے گا/گی۔ آپ کو مالی معاونت کے حوالے سے بھی معلومات ملیں گی۔

## 13 سال سے کم عمر بچے

ڈاکٹر کے دفتر میں بچے کا سر سے پاؤں تک معائنہ کیا جائے جیسا کہ باقاعدہ چیک اپ میں کیا جاتا ہے۔ فراہم کنندہ زخموں کو چیک کرنے اور شواہد جمع کرنے کے لیے بچے کے عضو تناسل اور مقعد کی بیرونی جگہوں کو دیکھ سکتا/سکتی ہے۔ بچی/بچے کی اندام نہانی یا مقعد میں کوئی چیز داخل نہیں کی جائے گی۔ یہ جاننا ضروری ہے کہ زیادہ تر بچوں کے معائنے نارمل ہوتے ہیں، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ جرم واقع نہیں ہوا۔

## طبی فرانزک معائنے کی رضامندی دینا

کسی بھی عمر کا شخص طبی فرانزک معائنے اور شواہد اکٹھے کرنے کے لیے رضامندی دے سکتا ہے یا اس سے انکار کر سکتا ہے۔ والدین میں سے کوئی ایک یا سرپرست، مریض کے فیصلے کو خارج نہیں کر سکتے۔ اگر آپ معائنے کے لیے رضامندی دیتے ہیں، تو فراہم کنندہ معائنے کے ہر مرحلے کو شروع کرنے سے پہلے پوچھے گا/گی کہ آیا ایسا کرنا ٹھیک ہے۔ آپ کسی بھی وقت معائنہ روک سکتے ہیں یا معائنے کے کسی حصے کو چھوڑ سکتے ہیں۔ جو کچھ ہوتا ہے اس پر آپ کو مکمل اختیار حاصل ہوتا ہے۔

اگر مریض عمر یا ذہنی سطح کی وجہ سے رضامندی نہیں دے سکتا/سکتی تو والدین میں سے کوئی یا سرپرست رضامندی فراہم کر سکتے ہیں۔ فراہم کنندہ طبی نگہداشتی خدمات کے لیے کم عمر افراد کی جانب سے رضامندی ایکٹ، طبی نگہداشت کے متبادل ایکٹ یا دوسرے ریاستی اور وفاقی قوانین کے تحت بھی خدمات فراہم کر سکتا/سکتی ہے۔ اگر والدین میں سے کوئی یا سرپرست کسی بچے یا دوسرے شخص کے لیے طبی فرانزک معائنے اور شواہد اکٹھے کرنے کے لیے رضامندی دیتا ہے، تو فراہم کنندہ پھر بھی معائنے کے ہر حصے کو انجام دینے کے لیے مریض کی اجازت حاصل کرے گا/گی۔ کسی مریض پر زبردستی معائنہ مسلط نہیں کیا جائے گا اور دوا دینے یا معائنے مکمل کرنے کے لیے کسی مریض کو کبھی بھی جسمانی طور پر مجبور نہیں کیا جائے گا۔

اگر آپ طبی فرانزک معائنے اور شواہد اکٹھے کرنے کے لیے رضامندی دیتے ہیں، تو آپ جنسی زیادتی یا بدسلوکی کی اطلاع پولیس کو دینے کے پابند نہیں ہیں۔ تاہم، ہسپتال کو لازماً پولیس کو اطلاع دینی چاہیئے کہ ایک جرم
کا ارتکاب ہوا ہے۔ ہسپتال آپ کی اجازت کے بغیر کبھی بھی پولیس کو آپ کی ذاتی معلومات نہیں دے گا۔ اگر مریض 18 سال سے کم عمر ہے، تو ہسپتال سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ بچوں اور خاندانی خدمات کے محکمے ( Department of Children and Family Services، DCFS) کو مطلع کرے۔ اگر مریض 59 سال سے زائد عمر کا ہے یا 18-59 کی عمر کا معذوریوں کا حامل کوئی فرد ہے اور خود رپورٹ نہیں کر سکتا، تو ہسپتال سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ محکمہ برائے عمر رسیدہ افراد (Department of Aging) کو مطلع کرے۔
DCFS یا محکمہ برائے عمر رسیدہ افراد قانون نافذ کرنے والے ادارے سے رابطہ کر سکتا ہے۔

## شواہد اکٹھے کرنا

اگرچہ آپ کی صحت کو یقینی بنانے کے لیے جسمانی معائنہ کرانا ہمیشہ اہم ہوتا ہے، تاہم شواہد اکٹھے کرنے کا انتخاب ایک ذاتی فیصلہ ہوتا ہے۔ اکٹھے کیے گئے شواہد تفتیشی مقاصد کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ شواہد ملنے کا امکان بشمول خون، منی یا تھوک کا انحصار کچھ چیزوں پر ہوتا ہے جن میں شامل ہیں جنسی زیادتی یا بدسلوکی کی قسم، آیا آپ نے جنسی زیادتی یا بدسلوکی کے بعد کپڑے تبدیل کیے اور جنسی زیادتی یا بدسلوکی کے واقع ہونے کو کتنا وقت گزرا ہے۔

ہو سکتا ہے کہ شواہد اکٹھے کرنے کے بارے میں آپ فوراً تیار نہ ہوں اور ایسا کرنا آپ کا ذاتی فیصلہ ہے۔ آپ کو جنسی زیادتی یا بدسلوکی کے بعد کسی بھی وقت معائنہ کروانے یا شواہد اکٹھے کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے، لیکن جیسے جیسے وقت گزرتا ہے، شواہد ملنے کا امکان کم ہوتا جاتا ہے۔ یہ جاننا ضروری ہے کہ شواہد اکٹھے کرنے کا عمل مکمل ہونے کے بعد تمام کِٹس میں شواہد کا شامل ہونا ضروری نہیں ہے، تاہم اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ جرم واقع نہیں ہوا۔

## شواہد اکٹھے کرنے کے لیے رضامندی دینے کا فیصلہ کرتے وقت کن عوامل پر غور کیا جائے

| | **شواہد اکٹھے کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے جب:** | **شواہد پھر بھی اکٹھے کیے جا سکتے ہیں جب:** |
|---|---|---|
| **پیش بلوغت والے بچے**<br>ایسا بچہ/بچی جس میں ثانوی جنسی خصوصیات ظاہر نہیں ہوئیں جیسا کہ زیرِ ناف یا زیرِ بغل بال آنا، چھاتیوں کا اُبھار یا ابھی پہلا حیض واقع نہیں ہوا۔ | جنسی زیادتی گزشتہ 96 گھنٹوں میں واقع ہوئی یا ہو سکتا ہے واقع ہوئی ہو۔ | جنسی زیادتی گزشتہ 96 گھنٹوں سے زیادہ وقت پہلے میں واقع ہوئی لیکن گزشتہ 7 دنوں کے اندر ہوئی اور مریض، والدین میں سے کوئی یا قانونی سرپرست چاہتا/چاہتی ہے کہ شواہد اکٹھے کیے جائیں۔ ہر کیس کا جائزہ فراہم کردہ ہسٹری کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ |
| **بلوغت کے قریب یا بالغان**ایسا بچہ جس میں ثانوی جنسی خصوصیات ظاہر ہو گئی ہیں،<br>پہلا حیض واقع ہو گیا ہے یا ان کی عمر 18 سال یا<br>اس سے زائد ہے۔ | جنسی بدسلوکی یا زیادتی گزشتہ 7 دنوں میں واقع ہوئی ہے۔ | جنسی بدسلوکی یا زیادتی گزشتہ 7 دنوں سے پہلے واقع ہوئی ہے۔ ہر کیس کا جائزہ مریض یا دیگر افراد کی جانب سے فراہم کردہ ہسٹری کی بنیاد پر لیا جائے گا۔ |

## ٹرانسفر فیسیلٹی میں طبی نگہداشت

اگر آپ ابتداء میں ٹرانسفر فیسیلٹی میں پیش ہوں تو ہو سکتا ہے کہ معائنے کے کچھ اختیارات آپ کو دستیاب نہ ہوں۔ ہو سکتا ہے آپ کو خصوصی طور پر تربیت یافتہ فراہم کنندہ یا فرانزک فوٹوگرافی تک رسائی نہ ہو۔ آپ کو شواہد اکٹھے کرنے والی کِٹ، شواہد ٹریک کرنے کے سسٹم یا ضمانت شدہ مفت فالو اپ طبی نگہداشت تک 180 دنوں تک
رسائی حاصل نہیں ہو گی۔ اگر آپ ٹرانسفر فیسیلٹی میں خدمات کے لیے رہنے کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کو مفت جامع طبی معائنہ اور علاج ملے گا۔

## شواہد اکٹھے کرنے کے فوائد اور نقصانات

- **آپ کو ادائیگی نہیں کرنی پڑے گی۔** آپ کو معائنے کے لیے ذاتی طور پر ادائیگی نہیں کرنی۔

- **اگر آپ رپورٹ کرنا چاہتے ہیں تو آپ فیصلہ کرنے کے لیے وقت لے سکتے ہیں۔** جرم کی رپورٹ کرنے کا فیصلہ کلی طور پر آپ کا اپنا ہے۔ فیصلہ کرنے میں وقت لگ سکتا ہے کہ کیا کِیا جائے۔ طبی فرانزک معائنہ کرانا اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ اگر آپ بعد میں رپورٹ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں کو فرانزک شہادت محفوظ ہو گی۔ آپ زیادتی کے بعد 10 سال تک یا اپنی 28 ویں سالگرہ تک، جو کوئی مدت بھی زیادہ ہو، شواہد کا معائنہ کرا سکتے ہیں۔

- **یہ عدالتی کارروائی کے امکان کو بڑھاتا ہے۔** جنسی زیادتی اور بدسلوکی کے کیسوں میں کچھ مخصوص اقسام کی شہادت کی اہمیت کو بڑھا چڑھا کر بیان نہیں کیا جا سکتا۔ یہ کیس کے نتیجے کو متاثر کر سکتا ہے اور مستقبل میں جرائم کے ارتکاب کو بھی روک سکتا ہے۔

- **آپ کی صحت اہم ہے۔ جنسی زیادتی آپ کی جسمانی صحت کو متاثر کر سکتی ہے۔** آپ کو زیادتی یا بدسلوکی کے نتیجے میں چوٹیں یا صدمہ پہنچ سکتا ہے جو فوری طور پر نظر نہیں آ سکتا۔ معائنے کے دوران، آپ کو اِن چوٹوں کے لیے علاج تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے، جنسی طور پر منتقل ہونے والے امراض کے لئے بچاؤ کا علاج وصول کر سکتے/سکتی ہیں اور حمل کو روکنے کے لیے ہنگامی ضبط تولید کی ادویات حاصل کر سکتے/سکتی ہیں۔

- شواہد اکٹھے کرنے اور معائنے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ اتنا طویل معائنہ آپ کے لیے مشکل یا ناخوشگوار ہو۔


**مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں Office of the**
**Attorney General Violence**
**Prevention and**
**Crime Victim Services Division**
**115 S. LaSalle St.**
**Chicago, Illinois 60603**
**228-3368 (800)**


**بول چال اور سماعت کی معذوریوں والے افراد 7-1-1 ریلے سروس استعمال کر کے ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔**

KWAME RAOUL
ILLINOIS ATTORNEY GENERAL


(ILCS 70/10(c 410 کے تحت دفتر برائے الینوائے اٹارنی جنرل کے جنسی حملے کے نرس معائنہ کار پروگرام (Office of the Illinois Attorney General's Sexual Assault Nurse Examiner Program) نے مستند طبی فراہم کنندگان کے ساتھ مشاورت کے ذریعے یہ مواد تیار کیا ہے۔